NYC Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

5 ستمبر، 2019

عزیزی اہلِ خانہ،

تعلیمی سال 20-2019 میں خوش آمدید!

نیو یارک شہر پبلک اسکولوں میں ہمارے بچوں کو تندرست اور محفوظ رکھنا ہماری ترجیح ہے۔ بچوں کا سیسے سے سامنا ہونے سے بچاؤ کی ہمارے مسلسل کوشش کے حصے کے طور پر محکمئہ تعلیم (DOE) چھ سال سے کم عمر بچوں کو خدمات فراہم کرنے والی 1985 سے قبل تعمیر کردہ اسکول کی عمارتوں کے کلاس رومز کی باقاعدگی سے تشخیص، جانچ اور مرمت کرتا ہے۔ ہم نقصان پہنچے ہوئے پینٹ کو تلاش کرتے ہیں کیونکہ سیسے پر مبنی اکھڑا ہوا پینٹ اس وقت ایک خطرہ پیش کرتا ہے جب یہ اکھڑتا، ٹوٹتا یا چٹخ جاتا ہے۔ اس موسم گرما، ہم نے شہر پیما جانچ کی تھی، اور ہم مسرت کے ساتھ آپ کو مطلع کرتے ہیں کہ کسی بھی مطلوبہ اصلاح کو مکمل کیا جا چکا ہے، اور یہ کلاس رومز اسکول کے پہلے دن استعمال کیے جانے کے لیے محفوظ ہیں۔

اس موسم گرما، شعبہ برائے اسکولی سہولیات نے 1985 سے قبل تعمیر کردہ ان سب کلاس رومز کی جانچ کی تھی جو 6 سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرتے ہیں۔ ہم نے ان کلاس رومز میں تمام اکھڑے ہوئے اور ناقص پینٹ کی جانچ کی تھی اور کسی بھی سیسے پر مبنی پینٹ کی مرمت کرنے کے لیے تحفظ کے معیاری طریق کار کو استعمال کیا تھا۔ ایک بار پینٹ کے استوار ہو جانے کے بعد ہم نے یہ یقینی بنانے کے لیے مزید جانچ کی تھی کہ بچوں کے لیے کمروں میں داخل ہونا محفوظ ہے۔ اس کو اصلاح کہا جاتا ہے۔ ہم پورے سال کے دوران کلاس رومز کی بصری جانچ کرنا جاری رکھیں گے، اور مستقبل میں، ہم اپنی جانچ اور اصلاح کو توسیع دیں گے تاکہ کیفیٹریا اور لائبریریوں جیسی عام جگہوں کو شامل کیا جائے۔

آپ کو باخبر رہنے میں مدد کرنے کے لیے، ہم نے محکمئہ تعلیم کے اسکولوں میں سیسے سے حفاظت کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات کے ساتھ ساتھ سیسے سے سامنا ہونے کی صورت کے متعلق معلومات اور اضافی وسائل کو منسلک کر دیا ہے۔ پینٹ کی جانچ کے نتائج کے لیے، براہ کرم ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/lead-paint-results. مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint یا اپنے اسکول کے پرنسپل سے بات کریں۔

ہم آپ کے اور آپ کے بچوں کے لیے اسکول کے پہلے عمدہ دن کے لیے دعا گو ہیں - اور ہم اپنے 1.1 ملین طلبا کو محفوظ رکھنے کے لیے انتھک محنت کرنا جاری رکھیں گے۔

مخلص،

Ursulina Ramirez
چیف آپریٹینگ افسر

**محکمئہ تعلیم سیسے سے بچاؤ کے متعلق اکثر پوچھے جانے والے سوالات**

**صرف چھ سال سے چھوٹی عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے والے کلاس رومز کی جانچ کیوں کی گئی تھی؟**
پینٹ کی حالت کا سروے کرنے اور کسی بھی اکھڑے ہوئے پینٹ کی مرمت کا ارتکاز چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے والے کلاس رومز پر اس لیے تھا کیونکہ چھوٹے بچے سب سے زیادہ خطرے میں ہوتے ہیں - تین سال سے کم عمر کے

بچے سیسے سے صحتیاتی خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں، اور بڑی عمر کے بچوں کے مقابلے میں چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

**صرف 1985 سے قبل تعمیر کردہ عمارتوں کی جانچ کیوں کی گئی تھی؟**

ہمارے رد عمل کا معیاری طریق کار بچوں کو محفوظ رکھتا ہے اور اس کا اطلاق 1985 سے قبل تعمیر کردہ عمارتوں میں چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے والے تمام کلاس رومز پر ہوتا ہے۔ البتہ سیسے پر مبنی پینٹ پر نیو یارک شہر میں 1960 میں پابندی لگا دی گئی تھی، ہم اضافی احتیاط کرتے ہیں اور ہم کسی بھی ایسی عمارت کی جانچ کرتے ہیں جو پابندی لگنے کے 25 سال بعد تعمیر کی گئی تھی۔

**DOE کا جانچ کرنے کا کیا طریق کار ہے؟ کیا یہ طبی ضابطہ کی مطلوبات سے ہم آہنگ ہے؟**

اکھڑے ہوئے پینٹ کے لیے سروے اور سیسے پر مبنی پینٹ کی مرمت کو نیو یارک شہر طبی ضابطہ کی مطلوبات کے مطابق کیا جاتا ہے۔ 1985 میں یا اس سے قبل تعمیر کردہ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے والے تمام اسکولوں کی بصری جانچ عمارت کے نگراں انجینیئرز کے ذریعے کی جاتی ہے جو کلاس رومز میں پائے جانے والے اکھڑے ہوئے پینٹ سے خبردار کرتے ہیں۔

اس کے علاوہ، تعلیمی سال 19-2018 کے اختتام پر ہم نے تمام 3-K، پری کنڈر گارٹن، کنڈرگارٹن، اور LYFE مراکز کے کلاس رومز کی جانچ کا ایک اور راؤنڈ کیا تھا، اور کلاس رومز میں سیسے کے کسی بھی اکھڑے ہوئے یا ناقص پینٹ کی جانچ کی تھی۔ سیسے پر مبنی کسی بھی اکھڑے ہوئے پینٹ کے مسئلے کو EPA کے تصدیق شدہ ٹھیکیدار کے ذریعے حل کیا گیا تھا۔

**مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ میرا اسکول متاثر ہوا تھا؟**

آپ ہر ایک اسکول کی جانچ کے نتائج کو DOE کی ویب سائٹ کے Lead-Based Paint کے پیج کے ذریعے دیکھ سکتے ہیں: schools.nyc.gov/lead-paint-results.

**میرا اسکول متاثر ہونے والی عمارتوں کی فہرست میں تھا۔ کیا مجھے فکر مند ہونا چاہیئے؟**

جی نہیں۔ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو خدمات فراہم کرنے والے تمام کلاس رومز میں سیسے پر مبنی اکھڑے ہوئے پینٹ کی مرمت کی جا چکی ہے اور ہم اسکول کا آغاز کرنے کے لیے تیار ہیں۔ آپ متاثرہ عمارتوں کے بارے میں تازہ ترین معلومات کو مسلسل ذیل پر پا سکتے ہیں .schools.nyc.gov/lead-paint-results

**میں نہیں چاہتا کہ میرا بچہ اس اسکول میں شرکت کرنا جاری رکھے۔ کیا میں اپنے بچے کو ایک نئے پروگرام میں منتقل کر سکتا ہوں؟**

تمام کلاس رومز کی کامیابی کے ساتھ اصلاح کی جا چکی ہے اور عمارت محفوظ ہے۔ ہمیشہ کی طرح آپ اسکول کے دستیاب انتخابات کی تحقیق کرنے کے لیے خاندانی استقبالیہ مرکز میں جا سکتے ہیں۔ اپنے نزدیک ایک تلاش کرنے کے لیے ذیل پر جائیں: https://www.schools.nyc.gov/enrollment/enrollment-help/family-welcome-centers

**کیا آپ ان خاندانوں سے رابطہ کر رہے ہیں جن کے بچے کلاس رومز میں متاثر ہوئے ہیں؟**

جی ہاں۔ DOE نے پرنسپلوں سے گذارش کی ہے کہ چھ سال سے کم عمر کے ان طلبا کے تمام اہل خانہ سے رابطہ کریں جو گذشتہ سال یا موسم گرما کے کچھ ابتدائی دنوں میں ان کلاس رومز میں تھے۔ جانچ کے نتائج سے اہل خانہ کو خبردار کرنے کا اصل خط اور اگلے اقدامات 10 مختلف زبانوں میں دستیاب ہیں اور ان تک ذیل پر آن لائن رسائی حاصل کی جا سکتی ہے: .schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint

**اس صورت میں مجھے کیا کرنا چاہیئے اگر میں اپنے بچے کے اسکول میں اکھڑا ہوا یا ناقص پینٹ پاتا ہوں؟**

اگر ہماری کسی اسکول کی عمارت میں آپ اکھڑا ہوا پینٹ دیکھتے ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں مطلع کریں۔ برائے مہربانی ذیل پر دستیاب، پینٹ کے بارے میں مطلع کرنے کے سروے مکمل کریں schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint اور ہم تفتیش کریں گے۔ ہمیں عمارت کے کوڈ، کلاس روم نمبر اور منزل درکار ہوں گے۔ آپ مذکورہ بالا

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

ویب سائٹ پر اپنے اسکول کے برو پر کلک کر کے اور اسکول کا پتہ یا اسکول کا نام داخل کر کے عمارت کا کوڈ تلاش کر سکتے ہیں۔

**میرا بچہ محکمئہ تعلیم معاہدہ کردہ برادری پر مبنی ابتدائی طفلی پروگرام میں شرکت کرتا ہے۔ کیا آپ نے ان پروگراموں کی بھی جانچ کی ہے؟**

نیو یارک شہر محکمئہ صحت اور دماغی صحت (DOHMH) برادری پر مبنی بچوں کی نگہداشت پروگراموں کی جانچ کرتا ہے۔ DOHMH ان پروگراموں سے سیسے پر مبنی پینٹ سے پاک ہونے یا کسی بھی سیسے پر مبنی پینٹ ( جو کہ اکھڑا ہو، ٹوٹا ہوا یا چٹخا ہوا نہ ہو) اچھی حالت میں رکھنے کا تقاضا کرتا ہے۔ DOHMH اکھڑے ہوئے پینٹ کے لیے باقاعدگی سے جانچ کرتا ہے اور اگر اکھڑا ہوا پینٹ پایا جاتا ہے تو پھر یہ اکھڑے ہوئے پینٹ کی مرمت ہونے کے تصدیق کرنے کے لیے مابعد جانچ کرتا ہے، اپنے برادری پر مبنی بچوں کی نگہداشت کے پروگرام کی جانچ کے پس منظر کے بارے میں معلومات کو تلاش کرنے کے لیے nyc.gov/health پر "Child Care Connect" تلاش (سرچ)کریں۔

**کیا مجھے اپنے بچے کے اسکول میں پینے کے پانی میں سیسے کے بارے میں تشویش ہونی چاہیئے؟**

جی نہیں۔ نیویارک شہر کا پانی اعلٰی ترین معیار کا ہے اور جو کہ اپ اسٹیٹ کے ذخیرہ آب سے آتا ہے جو سیسے سے مکمل مبرا ہوتا ہے۔ DOE اسکولوں میں پینے کے لیے اور کھانا پکانے کے لیے استعمال کیے جانے والے پانی کی جانچ کرتا ہے اورجانچ کرنے پر سیسے کی اونچی سطح ظاہر کرنے والے کسی بھی مخرج کو اس وقت تک کے لیے بند کر دیتا ہے جب تک کہ اس کی مرمت نہ کر دی جائے اور پانی میں اونچی سطوح ظاہر نہ ہوں۔ ریاستی قانون DOE سے ہر پانچ سال میں سیسے کے لیے پانی کی جانچ کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔ خزاں 2018 سے لے کر 2020 تک تمام اسکولوں کی یا تو جانچ ہو چکی ہو گی یا دوبارہ جانچ کی جائے گی۔

**میں کس طرح یہ یقینی بنا سکتا ہوں کہ میرا بچہ محفوظ ہے؟**

تین سال سے کم عمر کے بچے سیسے سے صحتیاتی خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں اور چھ سال سے کم عمر کے بچوں کو بڑی عمر کے بچوں کے مقابلے میں زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔ یہ تعین کرنے کے لیے خون میں سیسے کی جانچ مناسب رہے گی اپنے بچے کے طبی پس منظر کے بارے میں ان کے ڈاکٹر کے ساتھ بات کریں محفوظ مفت جانچ کے لیے یا ایک ڈاکٹر کو تلاش کرنے کے لیے 311 سے رابطہ کریں۔

## سیسے سے سامنا ہونے کے بارے میں اضافی معلومات

**سیسے کے صحت پر کیا اثرات ہیں؟**

سیسہ ایک ایسی دھات ہے جو بچوں اور بالغان کو نقصان پہنچاتا ہے جب یہ انکے جسم میں داخل ہو جائے۔ سیسہ ایک جانا پہچانا نیوروٹوکسن (اعضابی نظام کے لیے نقصان دہ) ہے اس کا مطلب ہے کہ یہ چھ سال سے کم عمر کے بچوں کے افزوں پذیر دماغ اور اعصابی نظام کے لیے خاص طور پر نقصان دہ ہے۔ سیسا ایک نوعمر بچے کی نشو ونما، طرزِ عمل اور سیکھنے کی صلاحیت کو نقصان پہنچا سکتا ہے۔ حمل کے دوران سیسے کا سامنا ہونا نوزائیدہ بچوں میں پیدائش کے وقت کم وزن اور نشوونما میں تاخیر کا سبب بن سکتا ہے۔ فضا میں سیسے کا سامنا ہونے کے بہت سے ذرائع ہیں، اور یہ اہم ہے کہ جتنا ممکن ہوسکے سیسے کے سامنا ہونے کے ذرائِع میں کمی کی جائے۔

**سیسے کا سامنا ہونے کے اور کیا ذرائع ہیں؟**

سیسا ایک دھات ہے جو صدیوں سے مختلف مقاصد کے لیے استعمال ہورہی ہے، اور اسکا نتیجہ فضا میں اس کا وسیع پھیلاو ہے۔ سیسے کا سامنا ہونے کے بڑے ذرائع میں پرانے گھروں میں سیسے والے پینٹ، اور وہ سیسہ ہے جو دہائیوں سے سیسے کے گیسولین، پینٹ اور صنعتوں میں تاریخی استعمال کے باعث ریت اور مٹی میں جمع ہوا ہے۔ سیسا متعدد استعمال ہونے والی مصنوعات میں بھی پایا جاسکتا ہے، بشمول کئی قسم کے ظروف، پیوٹر، براس کی تنصیبات، کھانے، پلمبنگ کے سامان اور آرائش کے سامان کے۔ سیسا پانی کے سامان میں فطری طور پر کم موجود ہوتا ہے لیکن پینے کا پانی سیسے کا ممکنہ ذریعہ بن سکتا ہے اگر عمارت کے پائپوں میں سیسہ موجود ہو۔ خون میں سیسے کی زیادہ مقدار والے زیادہ تر بچوں میں سیسے کا ذریعہ سیسے والا پینٹ ہوتا ہے۔

Department of Education
Chancellor Richard A. Carranza

**کس کو سیسے کے زہریلے پن کا خطرہ ہوسکتا ہے؟**
تین سال سے کم عمر کے بچے سیسے سے صحت کو خطرے سے زیادہ اثرپذیر اور زدپذیر ہوتے ہیں۔ سیسا شکم میں نشو ونما پانے والے بچے کے لیے بھی خطرہ پیدا کرتا ہے۔ سیسے کا سامنا ہونا ایک بچے کی نشو ونما اور فروغ میں بھی خلل ڈال سکتا ہے۔

**ہم نیویارک شہر میں بچوں کی سیسے سے زہریلے پن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟**
نیویارک شہر میں بچوں میں سیسے سے زہریلے پن کی شرح کم ہورہی ہے۔ 2005 سے، چھ سال سے کم عمر کے بچوں کے خون 5 مائکروگرام فی ڈیسی لیٹر (mcg/dL) کی مقدار یا اس سے زیادہ مقدار رکھنے والے بچوں کی تعداد اور شرح میں تقریباً 90% کمی آچکی ہے، یہ وہ سطح جس پر نیو یارک شہر محکمئہ صحت تفتیش کرتا ہے۔

**اضافی وسائل**

**محکمئہ تعلیم میں سیسے تحفظ کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:**
schools.nyc.gov/about-us/reports/lead-based-paint

**نیو یارک شہر محکمئہ صحت میں سیسے اور پروگراموں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ذیل پر جائیں:**
https://www1.nyc.gov/site/doh/health/health-topics/lead-poisoning-prevention.page

**نیویارک ریاست محکمہ صحت سیسے کے زہریلے پن سے بچاؤ کے بارے میں معلومات کے لیے، ذیل پر جائیں**
health.ny.gov/environmental/lead/

**خون میں سیسے کی جانچ اور اپنے بچے کی سیسے کا سامنا ہونے کے خطرے کو کم کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، "What Your Child's Blood Lead Test Means" ملاحظہ کریں۔**
health.ny.gov/publications/2526/ : (10 زبانوں میں دستیاب ہے)